جامعہ علوم اُثریہ کا 17 واں سالانہ فری آئی کیمپ

اسلام صرف عبادات کا ہی مذہب نہیں بلکہ یہ کامل دین ہے جس میں عبادات کے ساتھ ساتھ بنی نوع انسان کی سماجی خدمت پر بھی بہت زور دیا گیا ہے۔ اس سلسلہ میں ادارہ نے جہاں دینی وعصری علوم کی ترویج و اشاعت اور نوجوانوں کی تعلیم وتربیت کیلئے بین الاقوامی ادارہ ''جامعہ علوم اُثریہ'' قائم کررکھا ہے۔ جہاں سے ہر سال ہزاروں کی تعداد میں طلبہ وطالبات دینی، دنیوی اور جدید علوم سے بہرہ مند ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ جامعہ علوم اُثریہ نے عوام الناس کی فلاح و بہبود کے متعدد منصوبے شروع کررکھے ہیں اور اسی سلسلہ میں ہر سال ''البصر انٹرنیشنل فاؤنڈیشن'' اور ''الابراہیم آئی ہسپتال کراچی'' کے تعاون سے جامعہ علوم اُثریہ جہلم میں سالانہ فری آئی کیمپ کا انعقاد کرتے ہیں۔

ان خیالات کا اظہار جامعہ علوم اُثریہ جہلم کے مہتمم اور مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے نائب امیر حافظ عبدالحمید عامر فاضل مدینہ یونیورسٹی نے یہاں جامعہ علوم اُثریہ جہلم میں 17 ویں سالانہ فری آئی کیمپ کی افتتاحی تقریب میں موجود معززین، اساتذہ، طلبہ، سماجی وسیاسی کارکنوں، مریضوں اور ان کے ہمراہ آنے والے لوگوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جن میں مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق، نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی (فاضل مدینہ یونیورسٹی)، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ سابقہ ای ڈی او ہیلتھ، ارشد محمود زرگر، صدیق احمد یوسفی، سیٹھی محمد ارشد، عامر ایوبی، چوہدری احتشام الحق، عامر سلیم علوی کے علاوہ دیگر کئی معززین بھی موجود تھے۔ حافظ عبدالحمید عامر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال بین الاقوامی شہرت کے حامل ڈاکٹروں کی ٹیم یہاں ہزاروں مریضوں کا فری چیک اپ کرتے ہیں۔ مریضوں کو عینکیں اور دوائیں مفت فراہم کی جاتی ہیں اور آپریشن کے قابل مریضوں کی آنکھوں کا مفت آپریشن کیا جاتا ہے۔ الحمدللہ آج تک کئے گئے تمام آپریشن کامیاب رہے۔ تمام مریضوں کی آنکھوں میں آئی او ایل (لینز) بھی فری ڈالا جاتا ہے، مریضوں اور لواحقین کیلئے رہائش اور خوراک کا بھی فری انتظام کیا جاتا ہے اس موقع پر حافظ عبدالحمید عامر نے مخیّر حضرات کے عملی اور مالی تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ یاد رہے کہ اس کیمپ کے انتظامات میں جامعہ علوم اُثریہ کے اساتذہ وطلبہ اور جامعہ اُثریہ للبنات کی معلمات وطالبات کے علاوہ انجمن اہل حدیث، اہل حدیث یوتھ فورس، اہل حدیث سٹوڈنٹس فیڈریشن جہلم کے رضا کار لوجہ اللہ مریضوں کی دن رات خدمت کرکے ان کی دعائیں لیتے ہیں۔ اس موقع پر سینئر سرجن آئی سپیشلسٹ ڈاکٹر اشرف داؤد، نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی، ڈاکٹر شاہد تنویر جنجوعہ، راجہ انار گل ایڈووکیٹ اور ارشد محمود زرگر نے خطاب کیا۔